امراض سر/باب نمبر//01

ٹینشن۔ڈپریشن اور مالیخولیا کیلیئے بارہا مجرب

ھوالشافی۔۔ جڑ آسگند۔5 تولہ۔۔اسطوخدوس 1 تولہ۔۔گل گازبان۔1 تولہ۔۔گل گلاب ایرانی 1 تولہ۔۔الائچی خورد 1 تولہ۔۔مغز جائفل۔1 تولہ۔

ترکیب استعمال۔۔500 ملی گرام ہمراہ پانی یا دودھ۔دن مین دو بار۔

نوٹ۔کچھ عورتون کا خون حیض کئی دن گذر جانے کے بعد بھی کسی دوا سے نہین رکتا۔تو سمجھو وہ کسی ٹینشن سے گذری ہے۔رب کریم کے فضل سے یہ کیپسول کھانے سے ایک دو دن مین خون حیض بند ہو جاتا ہے۔

اگر مریض کو نیند نہ آتی ہو۔ خشکی کا مریض ہو تو اسارون یا مشک بالا کا سفوف 500 ملی گرام کا کیپسول رات کو دودھ کے ساتھ کھلاتے ہی نیند آجاتی ہے۔چند روز یعنی چار پانچ دن کھلانا کافی ہے۔

سنب الطیب یا بالچھڑ 500 ملی گرام کا کیپسول رات کو دودھ کے ساتھ کھلانا بھی مفید ہے

بے خوابی کے مریض کو بکری کے دودھ مین روغن بادام ملا کر سر اور پائون کی تلیون پر مالش کرنے سے بھی قدرتی نیند آجاتی ہے۔

آسگند کا سفوف۔ بادام کا سفوف اور برھمی کا سفوف ھموزن 2 چمچ شام کو گرم دودھ مین ملا کر ڈھک لین اور سونے کے وقت نوش فرمائین۔ بے خوابی کیلیئے تیر بہدف ہے۔

بے خوابی کیلیئے میرا نسخہ "معجون مقوی حافظہ" بھی لاجواب ہے۔ آزمائین اور دعائون مین یاد فرمائین۔

معجون مقوی دماغ

مقوی حافظہ، منوم، ماسک البول

ھوالشافی۔۔ روغن زرد 120 گرام۔ مغز بادام 120 گرام۔ مغز پستہ 120 گرام۔ تخم کدو 120 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 60 گرام۔ پوست آملہ 60 گرام۔ برھمی بوٹی 60 گرام۔ کندر 20 گرام۔ سفید مرچ 15 گرام۔ سفید الائچی 15 گرام۔ مویز سیاہ یا کشمش 250 گرام۔ کوزہ مصری 2/1 کلو۔ شہد خالص